**MZK / Shabbir**

**14.03.2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں پی۔ایم سواندھی سے مستفید ہونے والے افراد سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم دلی میٹرو کے چوتھے مرحلے کے دو کاریڈورس کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

2 مرکز نے ملک میں اِلیکٹرک موٹر گاڑیوں کو اپنانے کےعمل میں تیزی لانے کی خاطر الیکٹرک Mobility کو فروغ دینے سے متعلق اسکیم کا اعلان کیا ہے۔

3 وزارت دفاع نے فوج اور کوسٹ گارڈ کے لیے جدید طرز کے 34 ہلکے ہیلی کاپٹر خریدنے کے لیے ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ HAL کے ساتھ دو کانٹریکٹس پر دستخط کیے ہیں۔

4 BJP نے لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنے 72 امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی ہے۔

5 وزیراعظم نریندر مودی آج شام نئی دلی میں بھوٹان کے اپنے ہم منصب Dasho Tshering کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

6 امریکی ایوانِ نمائندگان نے ایک تاریخی بل کو منظوری دی ہے، جس کی رو سے Tik Tok پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔

7 اور

بیڈمنٹن میں برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چیمپئن شپ میں آج خواتین سنگلز میں پی وی سندھو کا مقابلہ جنوبی کوریا کی An Se-Young سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Delhi

وزیراعظم نریندر مودی آج دلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں پی۔ایم سواندھی سے مستفید ہونے والے افراد سے خطاب کریں گے۔ اِس پروگرام کے دوران وزیراعظم مذکورہ اسکیم کے تحت ایک لاکھ ریڑھی پٹری والوں کو قرضے تقسیم کریں گے، جن میں دلی کے پانچ ہزار ریڑھی پٹری والے بھی شامل ہیں۔

جناب مودی دلی میٹرو کے چوتھے مرحلے کے دو اضافی کوریڈور کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اِن میں سے ایک لاجپت نگر سے ساکیت جی بلاک تک اور دوسرا اندر لوک سے اندرپرستھ تک ہوگا، جن کی مجموعی لمبائی 20 کلومیٹر سے زیادہ ہوگی۔ اِن سے رابطے کی سہولت بہتر ہونے اور ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کم ہونے کی امید ہے۔

لاجپت نگر سے ساکیت جی بلاک تک کے کوریڈور میں Andrews Ganj، گریٹر کیلاش وَن، چراغ دلّی اور پشپ وہار اسٹیشن شامل ہوں گے جبکہ اندرلوک سے اندرپرستھ تک کے کوریڈور میں دیا بستی، سرائے روحِلہ، اجمل خاں پارک، نبی کریم، LNJP اسپتال اور دلی گیٹ اسٹیشن ہوں گے۔x

Electric Mobility Scheme

بھاری صنعتوں کی وزارت نے بھارت میں الیکٹرک گاڑیوں کو اپنانے کے عمل میں تیزی لانے کیلئے الیکٹرک موبیلیٹی کو فروغ دینے کی اسکیم 2024 کا اعلان کیاہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس کے تحت پانچ سو کروڑ روپے کے کُل اخراجات کے ساتھ یہ اسکیم لاگو کی جائے گی۔ یہ اسکیم اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے جولائی تک جاری رہے گی۔ وزارت نے مزیدکہا ہے کہ اس اسکیم کی حقدار صرف دوپہیہ اور تین پہیئے والی الیکٹرک گاریاں ہوں گی۔اس میں رجسٹرڈ ای رکشہ، ای کارٹس اور L5 آٹو موبائل شامل ہیں۔صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے جناب پانڈے نے کہا کہ یہ ترغیباتی اسکیم کاربن کے صفر اخراج اور الیکٹرک موبیلیٹی کے ہدف کو فروغ دے گی۔

SB Mahendra Nath

وزارت کا اندازہ ہے کہ اس اسکیم سے تین لاکھ 72 ہزار سے زیادہ الیکٹرک گاڑیوں کو مدد فراہم ہوگی۔ وزارت نے امید ظاہر کی ہے کہ اس اسکیم سے ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کو تیزی کے ساتھ اپنانے کے عمل کو فروغ حاصل ہوگا اور آلودگی سے پاک موبیلیٹی اور الیکٹرک گاڑیوں کی مینوفیکچرنگ ایکو سسٹم کی ترقی کو مزید تحریک ملے گی۔

Defence Hal Deal

وزارت دفاع نے جدید طرز کے 34 ہلکے ہیلی کاپٹر خریدنے کے لیے ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ HAL کے ساتھ آٹھ ہزار 73 کروڑ روپے مالیت کے دو کانٹریکٹ پر دستخط کیے ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت میں ڈیزائن اور تیار کیا گیا سامان خریدنے کے زمرے کے تحت یہ سودا ہوا ہے۔ اِس میں سے جدید طرز کے 25 ہلکے ہیلی کاپٹر بھارتی فوج کے لیے جبکہ 9 بھارتی کوسٹ گارڈ کے لیے ہوں گے۔

وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ اس پروجیکٹ سے دفاع کے شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہونے پر مثبت اثر پڑے گا۔ یہ ہلکے ہیلی کاپٹر تلاش اور بچاوٴ کی کارروائی انجام دینے، فوجیوں کو ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچانے، داخلی بار برداری اور بحران کی صورت میں اہلکاروں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کے مقصد سے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔x

BJP 2nd List

BJP نے لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنے 72 امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی ہے۔ اس میں مہاراشٹر اور کرناٹک سے 20-20 امیدواروں کے نام ، ہریانہ اور تلنگانہ سے 6-6 ، گجرات میں 7 ، مدھیہ پردیش میں 5 ، دلی، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ سے دو۔دو امیدوار نیز تریپورہ اور دادر نگر حویلی سے ایک۔ایک امیدوار کا نام شامل ہے۔

مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر ہماچل پردیش میں حمیر پور پارلیمانی حلقے سے چناوٴ لڑیں گے جبکہ نتن گڈکری ناگپور سیٹ سے، پیوش گوئل ممبئ نارتھ سے اور ڈاکٹر بھارتی پروین پوار مہاراشٹر میں Dindori سیٹ سے چناوٴ لڑیں گی۔

ہریانہ کے سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹرکرنال سیٹ سے جبکہ مرکزی وزیر کرشن پال گوجر فریدآباد پارلیمانی حلقے سے چناوٴ لڑیں گے۔

BJP نے دلی سے لوک سبھا کی بقیہ دو سیٹوں کے لیے امیدواروں کے نام کا بھی اعلان کردیا ہے۔ پارٹی نے مشرقی دلی سے ہرش ملہوترہ کو انتخابی میدان میں اتارا ہے جبکہ یوگیندر Chandolia شمال مغربی دلی سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے۔x

LJP-BJP

چراغ پاسوان کی زیر قیادت لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس نے لوک سبھا انتخابات کے لیے بہار میں NDA کے حصے کے طور پر BJP کے ساتھ سیٹوں پر حصہ داری کے سمجھوتے کو حتمی شکل دے دی ہے۔

LJP کے سربراہ چراغ پاسوان نے کل نئی دلی میں BJP کے صدر جگت پرکاش نڈّا سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب چراغ پاسوان نے سمجھوتے کو حتمی شکل دیے جانے کی جانکاری دی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔x

Health Neet MDS

مرکزی وزارت صحت نے میڈیا کی ان اطلاعات کو غلط قرار دیا ہے، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ شمال مشرقی ریاستوں میں

ماسٹر آف Dental سرجری NEET MDS کے کوئی امتحان مراکز نہیں ہیں۔
وزارت نے کہا ہے کہ شمال مشرقی ریاستوں میں اِس امتحان کے مراکز شیلانگ، Naharlagun ، کوہیما، آئزول، گوہاٹی اور کولکاتہ میں بنائے گئے ہیں۔x

NHAI Fastag

قومی شاہراہوں سے متعلق بھارتی اتھارٹی NHAI نے Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والے افراد کے لیے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے کہ وہ 15 مارچ سے پہلے دوسرے بینک کے فاسٹیگ کی طرف منتقل ہو جائیں۔ سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سے قومی شاہراہوں پر سفر کرنے والے افراد کو جرمانے یا دوہری فیس ادا کرنے سے بچنے میں مدد ملے گی۔
Paytm پیمنٹس بینک پر پابندی سے متعلق ریزرو بینک آف انڈیا کے جاری کردہ رہنما خطوط کے مطابق Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والے افراد اِس مہینے کی 15 تاریخ کے بعد اپنا کارڈ ریچارج نہیں کرسکیں گے، اسی طرح وہ اپنا بیلینس ٹاپ اپ نہیں کرسکیں گے۔ البتہ وہ ایک مقررہ تاریخ کے بعد بھی اپنے موجودہ بیلنس سے ٹول ٹیکس ادا کرسکیں گے۔ NHAI نے تمام Paytm فاسٹیگ استعمال کرنے والوں پر زور دیا ہے کہ وہ ملک بھر میں قومی شاہراہوں پر بلارکاوٹ سفر کے تجربے کو یقینی بنانے کیلئے سرگرمی کے ساتھ اقدامات کریں۔x

BREAK
یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔
GONG

Bhutan PM India

بھوٹان کے وزیراعظم Dasho Tshering Tobagay کا آج سے بھارت کا پانچ روزہ دورہ شروع ہورہا ہے۔ اس سال جنوری میں عہدہ سنبھالنے کے بعد بیرون ملک کا یہ ان کا پہلا دورہ ہے۔
وزارت خارجہ نے بتایا کہ بھوٹان کے وزیراعظم اپنے دورے کے دوران صدرجمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے اور وزیراعظم نریندرمودی کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔
وزیراعظم Tshering Tobagay ممبئی کا بھی دورہ کریں گے۔ بھوٹان کے خارجی امور اور بیرون ملک تجارت کے وزیر، توانائی اور قدرتی وسائل کے وزیر، صنعت، کامرس اور روزگار کے وزیر اور بھوٹان حکومت کے سینئر عہدیداران بھی وزیرعظم Tshering Tobagay کے ہمراہ ہوں گے۔
وزارت نے بتایا کہ بھارت اور بھوٹان کے سبھی سطحوں پر اعتماد، خیرسگالی اور آپسی مفاہمت پر مبنی دوستی اور تعاون کے بے مثال تعلقات ہیں۔
بھوٹان کے وزیراعظم کا دورہ ہماری منفرد شراکت داری کی پیشرفت کا جائزہ لینے اور بھارت اور بھوٹان کے درمیان دوستی اور تعاون کے رشتوں کو وسعت دینے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کرنے کا ایک جائزہ لینے کیلئے طرفین کو ایک موقع فراہم کرے گا۔

Asian Dev Bank Loan

بھارت نے احمدآباد میں شہری رہائش اور آمدورفت کو بہتر بنانے کیلئے ایشیائی ترقیاتی بینک ADB کے ساتھ 181 ملین امریکی ڈالر کے قرض معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ یہ قرض دیہی سے شہری کی طرف منتقل ہونے والے علاقوں میں ترقی کیلئے فنڈ فراہم کرے گا۔ ان علاقوں کو شہری مضافاتی علاقہ بھی کہا جاتا ہے۔ وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ احمدآباد شہری مضافاتی علاقوں میں رہائش کو بہتر بنانے کے پروجیکٹ کے تحت 166 کلومیٹر پانی کی تقسیم کا نیٹ ورک، 126 کلومیٹر موسمیاتی لچکدار طوفانی پانی کی نکاسی، 300 کلومیٹر سیوریج سسٹم اور گندے پانی کو صاف کرنے والے چارپلانٹس تعمیر کئے جائیں گے ۔

یہ پروجیکٹ موجودہ سردار پٹیل رنگ روڈ کے ساتھ ساتھ دس جگہوں کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرے گا تاکہ احمدآباد کے شہری مضافاتی علاقوں میں کنکٹیویٹی کو بہتر بنایاجاسکے۔

US Bill Tik Tok

امریکی ایوان نمائندگان نے ایک اہم بل کو منظوری دے دی ہے۔ یہ بل امریکہ میں ٹک ٹاک پر پابندی عائد کرسکتا ہے جب تک کہ وہ چین کی اصل کمپنی ByteDance سے علاحدگی نہ اختیار کرلے۔ یہ دنیا کے سب سے مقبول سوشل میڈیا پلیٹ فارم میں سے ایک ٹک ٹاک کیلئے بہت بڑا چیلنج ہے۔ 170 ملین امریکی شہری اس ایپ کا استعمال کرتے ہیں۔ امریکی ایوان نمائندگان میں اس بل کو بھاری اکثریت 65 کے مقابلے 352 ووٹوں سے منظوری دی گئی۔ اس بل کو ابھی امریکی Senate کے ذریعے منظوری حاصل کرنی ہے۔اس کے بعد بل پر امریکی صدر کے دستخط کی ضرورت ہے۔ اس کے بعد یہ باضابطہ قانون بن جائے گا۔ اگر یہ بل نافذ ہوجاتا ہے تو ٹک ٹاک کو ByteDance سے علاحدگی اختیار کرنے کیلئے تقریباً پانچ ماہ کا وقت ملے گا۔

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم کے علاقوں میں اس مہینے کی 16 تاریخ تک کہیں کہیں ہلکی بارش اور برفباری ہونے کی پیش گوئی کی ہے جبکہ گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال اور اوڈیشہ میں اس مہینے کی 19 تاریخ تک کہیں کہیں ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔اس کے علاوہ جھارکھنڈ، ودربھ، چھتیس گڑھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں بھی اس مہینے کی 16 تاریخ سے 19 تاریخ کے دوران بارش ہونے کا امکان ہے۔x

World Kidney Day

آج گردے کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ہر سال مارچ مہینے کی دوسری جمعرات کو منایا جاتا ہے، تاکہ لوگوں کے درمیان گردے کی صحت اور اُس کے معمول کے کام کاج کو متاثر کرنے والی مختلف بیماریوں کے بارے میں بیداری پیدا کی جا سکے۔ اِس سال گردے کے عالمی دن کا موضوع ہے: سبھی کے لیے گردے کی صحت۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ایمس، نئی دلی کے شعبہ نیفرولوجی کے سربراہ ڈاکٹر Dipankar Bhowmik نے کہا کہ گردے کی خرابی کی کچھ علامات میں پیروں میں سوجن، بلڈ پریشر کا بڑھ جانا، ہیموگلوبن کا کم ہونا اور ہڈیوں کا کمزور ہونا شامل ہے۔

SB Dr Dipankar Bhowmik

England Open Badminton

آل انگلینڈ اوپن بیڈمنٹن چیمپئن شپ میں‌خواتین سنگلز کے زمرے میں آج پی وی سندھو کا مقابلہ جنوبی کوریا کی An Se-Young سے ہوگا۔

اشونی پونپا اور Tanisha Crasto کی خواتین ڈبلز کی جوڑی بھی پری کوارٹر فائنل میں چین کی جوڑی سے مقابلہ کرے گی۔ بھارتی جوڑی نے کل ہانگ کانگ کی جوڑی کو 21-13 اور 21-18 سے ہرا دیا۔

مردوں کے سنگلز زمرے میں لکشیہ سین بھی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے ڈنمارک کے Magnus Johannesen کو 21-14 اور 21-14 سے شکست دی۔

البتہ Priyanshu راجاوَت انڈونیشیا کے

Chico Aura Dwi Wardoyo سے ہار گئے۔

WPL

خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں کل رات ڈیلی کیپٹلز نے گجرات جائنٹس کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔

یہ تھیں خبریں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے کہ وزیراعظم نے تین سیمی کنڈکٹر پروجیکٹس کا سنگ بنیاد رکھا۔ جناب مودی نے کہا کہ اس اقدام سے ملک میں سیمی کنڈکٹر اور ڈسپلے مینوفیکچرنگ ماحولیاتی نظام کی ترقی میں مدد ملے گی۔

بھوٹان کے وزیراعظم کا آج سے بھارت کا پانچ روزہ دورہ شروع ہونے کی خبر کو بھی روزنامہ ملاپ، راشٹریہ سہارا اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

مرکزی کابینہ نے دلی میں آٹھ ہزار 400 کروڑ روپے کی لاگت سے دو میٹرو لائنوں کو منظوری دی۔اس خبر کو بھی ہندوستان ایکسپریس، انقلاب اور دیگر تقریباً سبھی اخباروں نے سرخی بنایاہے۔

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے NCC میں تین لاکھ کیڈٹس کو شامل کرنے کی تجویز کو منظوری دی۔اس خبرکو کئی اخباروں نے خصوصیت دی ہے۔امیدہے کہ اس توسیع سے NCC کی بڑھتی ہوئی مانگ کو ملک بھر کے تعلیمی اداروں سے پورا کیا جاسکے گا۔

نتن گڈکری ناگپور سے جبکہ منوہرلال کھٹر کرنال سے لوک سبھا چناؤ لڑیں گے۔روزنامہ پرتاپ نے اسے پہلی بڑی خبر کے طور پیش کیاہے۔

اتراکھنڈ یونیفارم سول کوڈ کو صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کی منظوری۔یہ خبر بھی تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کی ہے۔

ہندوستان ایکسپریس کے اندرونی صفحے کی ایک خبر کے مطابق نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے ایمزون پرائم پر سیریز 'سوراج' کے پہلے سیزن کا آغاز کیا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں پی۔ایم سواندھی سے مستفید ہونے والے افراد سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم دلی میٹرو کے چوتھے مرحلے کے دو کاریڈورس کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

2 مرکز نے ملک میں اِلیکٹرک موٹر گاڑیوں کو اپنانے کے عمل میں تیزی لانے کی خاطر الیکٹرک Mobility کو فروغ دینے سے متعلق اسکیم کا اعلان کیا ہے۔

3 وزارت دفاع نے فوج اور کوسٹ گارڈ کے لیے جدید طرز کے 34 ہلکے ہیلی کاپٹر خریدنے کے لیے ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ HAL کے ساتھ دو کانٹریکٹس پر دستخط کیے ہیں۔

4 BJP نے لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنے 72 امیدواروں کی دوسری فہرست جاری کی ہے۔

5 وزیراعظم نریندر مودی آج شام نئی دلی میں بھوٹان کے اپنے ہم منصب DashoTshering کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

6 امریکی ایوانِ نمائندگان نے ایک تاریخی بل کو منظوری دی ہے، جس کی رو سے Tik Tok پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔

☆ اور

بیڈمنٹن میں برمنگھم میں جاری آل انگلینڈ اوپن چیمپئن شپ میں آج خواتین سنگلز میں پی وی سندھو کا مقابلہ جنوبی کوریا کی An Se-Young سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---